اسلامیات

القرآن

ناظرہ قرآن: صفحہ نمبر 1 تا 3

حفظ قرآن: سورۃ فاتحہ

باب دوئم: **ایمانیات و عبادات**

توحید

سوال ۱: توحید کے کیا معنی ہیں؟

جواب: اسلام میں اللہ تعالیٰ کو دل سے ایک ماننے اور زبان سے اس کا اقرار کرنے کو "توحید" کہتے ہیں۔

سوال ۲: عبادت کے لائق کون ہے؟

جواب: عبادت کے لائق اللہ تعالیٰ کی ذات ہے۔

سوال ۳: کلمے کے پہلے حصے کا کیا مطلب ہے؟

جواب: کلمے کے پہلے حصے کا مطلب ہے اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے۔

سوال ۴: رسول کن نبیوں کو کہتے ہیں؟

جواب: رسول ان نبیوں کو کہا جاتا ہے جن پر اللہ تعالیٰ نے آسمانی کتابیں نازل فرمائی۔

سوال ۵: رسولوں نے کس بات کا درس دیا؟

جواب: رسولوں نے تمام انسانوں کو پیار و محبت، ہمدردی اخوت، عدل و انصاف اور رواداری کا درس دیا۔

سوال ۶: رسولوں نے کس چیز سے روکا؟

جواب: رسولوں نے اپنی امت کے لوگوں کو شرک سے روکا۔

قرآن مجید کا تعارف

سوال ۱: مشہور آسمانی کتابوں کے نام بتائیں؟

جواب: مشہور آسمانی کتابوں کے نام توریت، زبور، انجیل اور قرآن مجید ہے۔

سوال ۲: آخری آسمانی کتاب کون سی ہے؟

جواب: آخری آسمانی کتاب قرآن مجید ہے۔

سوال ۳: قرآن مجید کس کا کلام ہے؟

جواب: قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ہے۔

نماز

سوال۱: ہر مسلمان کو روزانہ کتنی نمازوں کی ادائیگی کا حکم دیا گیا ہے؟

جواب: ہر مسلمان کو روزانہ پانچ نمازوں کی ادائیگی کا حکم دیا گیا ہے۔

سوال۲: نماز میں ہمارا دھیان کس طرف ہونا چاہیے؟

جواب: نماز میں ہمارا دھیان اللہ تعالیٰ کی طرف ہونا چاہیے۔

سوال۳: نماز سے پہلے کیا کرنا چاہیے؟

جواب: نماز سے پہلے وضو کرنا چاہیے۔

سوال۴: قبلہ کیا ہے؟

جواب: جس طرف منہ کر کے نماز پڑھی جائے اسے قبلہ کہتے ہیں۔

مسجد کی اہمیت واحترام

سوال۱: اسلام میں اہم ترین عبادت کون سی ہے؟

جواب: اسلام میں اہم ترین عبادت نماز ہے۔

سوال۲: مسجد کے احترام کے بارے میں حضور ﷺ کی روایت بیان کریں؟

جواب: رسول اکرم ﷺ نے گھروں اور محلوں میں مسجدیں تعمیر کرنے اور پھر انہیں صاف ستھرا رکھنے کا حکم دیا ہے۔

سوال۳: حضور ﷺ کہاں سے ہجرت کر کے کہاں تشریف لائے اور پہلا کام کیا فرمایا؟

جواب: حضور ﷺ جب مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تو سب سے پہلا کام مسجد کی تعمیر کا کیا جسے مسجد نبوی کہتے ہیں۔

سوال۴: آپ اپنے محلے کی مسجد میں کس طرح داخل ہوتے ہیں اور وہاں کیا کرتے ہیں؟

جواب: ہم اپنے محلے کی مسجد میں سکون اور اطمینان سے داخل ہوتے ہیں اور وہاں باجماعت نماز ادا کرتے ہیں۔

حضور ﷺ کی حیات طیبہ

سوال۱: حضرت عبدالمطلب کی وفات کے بعد حضور ﷺ کی پرورش کس نے کی؟

جواب: حضرت عبدالمطلب کی وفات کے بعد حضور ﷺ کی پرورش حضرت ابو طالب نے کی۔

سوال۲: حضرت ابو طالب نے آپ کی پرورش کس طرح کی؟

جواب: حضرت ابو طالب نے آپ ﷺ کو اپنی اولاد سے بھی زیادہ پیار سے پالا۔ وہ اپنے ساتھ کھانا کھلاتے اور اپنے پاس سلاتے تھے۔

سوال۳: حضرت ابو طالب حضور ﷺ کو شام کے سفر پر کیوں لے گئے؟

جواب: حضرت ابو طالب حضور ﷺ کو شام کے سفر پر اس لیے لے گئے کیونکہ حضور ﷺ کو اپنے چچا سے جدائی گوارہ نہ تھی۔

Note: Islamiat work given above will be done as it is on Islamiat school copy.